فوری ریلیز کے لیے: 2023/6/6 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے پوری ریاست نیو یارک میں فنونِ لطیفہ کے منتظمین کے لیے 90$ ملین سے زائد کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے***

***ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کے سرمایہ کاری پروجیکٹس فنڈ کی جانب سے 19 فنونِ لطیفہ اور ثقافتی تنظیموں میں انقلابی تبدیلی کے منصوبوں کی معاونت کی جائے گی***

***اس کے علاوہ اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کی بحالی کے لیے سنگ بنیاد کا بھی اعلان کیا گیا ہے تاکہ سیاحوں کے تجربے کو بہتر بنایا جائے اور عملے اور آرٹ ورک کی حفاظت کی جائے***

***یہ اقدامات کیپٹل پروجیکٹس میں 150$ ملین کی گورنر کی تاریخی سرمایہ کاری کا حصہ ہیں تاکہ نیو یارک کے فنونِ لطیفہ اور ثقافتی اداروں کے لیے بڑے پیمانے پر جگہ سازی اور کمیونٹی ترقیاتی پروجیکٹس میں سہولت دی جائے***

گورنر Kathy Hochul نے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری فنڈنگ کے پروجیکٹس میں 90.5$ ملین کی ریکارڈ فنڈنگ کا اعلان کیا ہے جو کہ ریاست نیو یارک کی کونسل برائے فنون کے سرمائے کے پروجیکٹس فنڈ کے ذریعے پوری ریاست نیو یارک میں 19 فنون لطیفہ کی اور ثقافتی تنظیموں کے لیے دستیاب ہو گی۔ یہ اعلان اپریل میں اعلان کردہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے سرمایہ کاری پروجیکٹس میں 42$ ملین کی سرمایہ کاری کے بعد کیا گیا ہے، اسی طرح یہ اعلان بھی فنون لطیفہ کے لیے سرمایہ کاری میں بہتریاں لانے کے لیے گورنر کی تاریخی 150$ ملین کی سرمایہ کاری کا حصہ ہے۔ گورنر Hochul نے مڈ ہڈسن ریجن میں 500 ایکڑ پر محیط آؤٹ ڈور میوزیم اور 7.5$ ملین NYSCA لارج کیپیٹل امپرومنٹ گرانٹس کے وصول کنندہ، اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر میں پورے کیمپس میں بہتریاں لانے کے منصوبے کے لیے سنگ بنیاد کے موقع پر نئی فنڈنگ کا اعلان کیا ہے۔

"نیو یارک شہر سے شمالی ملک تک، ہم اپنی ریاست کے مضبوط فنونِ لطیفہ اور ثقافت کے شعبے میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کے تمام شہریوں کو، اپنے پس منظر سے قطع نظر، فنونِ لطیفہ کی انقلابی تبدیلی کی طاقت تک رسائی حاصل ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "قابل رسائی اور مستحکم ثقافتی مقامات کے اس مشترکہ وژن کے لیے ہماری بے مثال حمایت کے نتیجے میں ایک مضبوط معیشت، زیادہ ملازمتیں اور نیو یارک کے شہریوں اور دنیا بھر سے ہمارے سیاحوں کے لیے کمیونٹی اور ذاتی صحت میں بہتری لائی جائے گی۔"

NYSCA کے تعاون کے علاوہ، امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نے مڈ ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقی کونسل کی سفارش پر- اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کو - 3$ ملین سے زیادہ کی فنڈنگ سے نوازا ہے جس میں 2$ ملین کیپٹل گرانٹ اور 1.2$ ملین مارکیٹ نیو یارک گرانٹ شامل ہے۔ NYSERDA نے بھی اس پروجیکٹ کے لیے 600,000$ کا تعاون کیا ہے، جس سے اس سہولت گاہ کے لیے ریاست نیو یارک کی کل امداد 11$ ملین سے تجاوز کر چکی ہے۔

NYSCA کی فنونِ لطیفہ اور ثقافت کے لیے بڑی سرمایہ کاری والی بہتری کی گرانٹس سے ریاست بھر میں فنون لطیفہ اور ثقافتی اداروں کی معاونت کی جاتی ہے جو اثر انگیز طریقے سے، بڑے پیمانے پر سرمایہ میں بہتریاں لا رہے ہیں۔ یہ گرانٹس 2$ ملین سے 10$ ملین تک ان پروجیکٹس کے لیے ہوں گی جن کی کل لاگت 4$ ملین یا اس سے زیادہ ہے۔ اس فنڈنگ سے ثقافتی پروگرامنگ کو وسعت دینے، نئے اور متنوع سامعین تک پہنچنے اور رسائی کو

فروغ دینے کے لیے سرمایہ کاری میں معاونت ملے گی۔ ان گرانٹس سے تنوع، مساوات اور اجتماعیت کے سلسلے میں ریاست کے اہداف کو آگے بڑھانے میں بھی مدد ملے گی اور تمام گرانٹ وصول کنندگان سے درکار ہو گا کہ وہ سماجی مساوات کے اقدامات اور رسائی کے ایسے منصوبوں پر کاربند رہیں جو نیو یارک کے تمام باشندوں کی خدمت بجا لاتے ہیں۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے ساتھ ہم آہنگی میں، NYSCA کے بڑے سرمایہ کاری ترقیاتی گرانٹس پروگرام کا انتظام کیا جاتا ہے، جو مقامی جگہ سازی، کمیونٹی کی ترقی اور اندرون شہر کے احیائے نو کی کوششوں میں معاونت کے پروجیکٹس کے امکانات کا جائزہ لینے کے لیے درخواستوں کا تجزیہ کرتا ہے۔

اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کو دی جانے والی گرانٹ سے دو نئے عمارتی عناصر کی تعمیر کے ذریعے سیاحوں کے تجربے کو بہتر بنایا جائے گا: دی ویلکم سیکوئنس اور دی کنزرویشن، فیبریکیشن، اور مینٹیننس بلڈنگ۔ دی ویلکم سیکوئنس سے، پارکنگ کی گنجائش کو دو گنا کرتے ہوئے، ٹریفک پر قابو پاتے ہوئے اور سیاحوں کی آمد اور گروپ ٹورز کی گنجائش بنانے کے لیے نئی سہولت گاہیں شامل کرتے ہوئے سیاحوں کی آمد کو آسان بنانے میں مدد ملے گی۔ دی کنزرویشن، فیبریکیشن، اور مینٹیننس بلڈنگ ہی اسٹارم کنگ کی پہلی بامقصد جگہ ہو گی، جس کی مدد سے وہ فیبریکیشن پر فنکاروں کے ساتھ کام کر سکیں گے، فنونِ لطیفہ کے اہم شہ پاروں کو محفوظ کر کے ان کے مجموعوں کی بہتر دیکھ بھال کر سکیں گے، اور عملے کو محفوظ، خوب آراستہ سہولت گاہیں فراہم کر سکیں گے۔ نئی سہولت گاہ سے تمام برقی عمارتوں اور دی ویلکم سیکوئنس کے لیے LEED گولڈ سرٹیفیکیشن کے ساتھ پائیداری کو بھی ترجیح دی جائے گی، جس کے نتیجے میں اسٹارم کنگ کی زمین کے تحفظ اور ماحولیاتی تعلیم کی طویل تاریخ کو تقویت ملے گی۔

اسٹارم کنگ آرٹس سینٹر کے علاوہ، آج اعلان کردہ دیگر NYSCA گرانٹ وصول کنندگان میں شامل ہیں:

**ہڈسن ویلی شیکسپیئر فیسٹیول، فلپس ٹاؤن: LEED-سے تصدیق شدہ آؤٹ ڈور تھیٹر اور ماحولیاتی زمینی بحالی**
- اس پروجیکٹ سے حال ہی میں حاصل کی گئی 98 ایکڑ جگہ کو ایک بامقصد کیمپس میں تبدیل کیا جائے گا، جو سال بھر کی عالمی معیار کی پرفارمنسز کے لیے کھلا رہے گا، تعلیمی پروگراموں میں مصروفِ عمل رہے گا اور ایسی زمین تک رسائی حاصل کرے گا جسے مستقل طور پر محفوظ کیا جائے گا۔

**لیک پلیسیڈ ایسوسی ایشن برائے موسیقی، ڈراما اور فنونِ لطیفہ، لیک پلیسیڈ: فنونِ لطیفہ کی نئی سہولت گاہ کی تعمیر**
- اس پروجیکٹ میں ایک نیا جدید آرٹس کمپلیکس بنایا جائے گا، جو شمالی کاؤنٹی میں فنکارانہ مہارت کی ایک منزل ہو گا اور ثقافتی سیاحت کو فروغ دینے کے لیے ایک ضروری وسیلہ ثابت ہو گا۔

**نیشنل بلیک تھیٹر ورک شاپ، نیو یارک سٹی: نئے پرفارمنگ آرٹس سینٹر کی تعمیر**
- NYSCA فنڈز سے ایک منفرد کثیر الاستعمال فنونِ لطیفہ اور ملازمت کے تربیتی سینٹر کی تعمیر میں معاونت حاصل ہو گی جو عالمی معیار کی فنونِ لطیفہ کی سہولت گاہ، ثقافتی اور تعلیمی پروگرامنگ، ملازمت کی تربیتی خدمات اور تخلیقی شعبے کے کاروباری اداروں کے لیے ایک معاونتی مقام فراہم کرے گا۔

NYSCA کے گرانٹ وصول کنندگان کی ایک مکمل فہرست یہاں دستیاب ہے۔

ستمبر 2022 میں، گورنر Hochul نے نیو یارک کے فنون لطیفہ اور ثقافتی اداروں کی مدد کے لیے 150$ ملین کیپٹل پروجیکٹس فنڈ کا اعلان کیا تھا اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے پروجیکٹس میں سہولت فراہم کی تھی جن میں کمیونٹی کی ترقی اور جگہ سازی کو ترجیح دی جاتی ہے۔ کیپٹل پروجیکٹس فنڈ کے علاوہ، NYSCA نے مالی سال 2023 کے لئے آرٹس سے متعلقہ تنظیموں اور فنکاروں کو 90$ ملین کی نان-کیپٹل گرانٹس سے بھی نوازا ہے۔

**ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Mara Manus نے کہا،** "فنونِ لطیفہ اور ثقافت کے ان دلچسپ سرمایہ کاری پروجیکٹس سے آنے والی دہائیوں تک ہمارے شعبے کے طویل عمری اور پائیداری کو یقینی بنایا

جائے گا۔ مزید برآں، ان پروجیکٹس سے کمیونٹی، مقامی کاروباری اداروں اور کارکنان کو نمایاں منافع فراہم کیا جائے گا۔ ہم 90$ ملین کی اس تاریخی فنڈنگ کے لیے گورنر صاحبہ اور اپنے ریاستی رہنماؤں کے بےحد شکر گزار ہیں اور نیو یارک میں اپنے فنون لطیفہ کے اور ثقافتی مقامات کی طرف سے فراہم کردہ قابل پیمائش فوائد کو تسلیم کرتے ہیں۔ فنونِ لطیفہ و ثقافت کے لیے سرمایہ کاری کے پروجیکٹس میں کی گئی یہ اہم سرمایہ کاری، مدبرانہ توسیعی اقدامات، سہولت گاہوں میں ضروری بہتریوں اور کمیونٹی کی تعمیر کی حکمت عملیوں میں معاونت دے گی جس کے نتیجے میں نیو یارک کے تمام شہریوں اور ہمارے سیاحوں کے لیے صحت، حفاظت اور رسائی کو فروغ ملے گا۔"

**ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کی صدر Katherine Nicholls نے کہا،** "فنون لطیفہ کے لیے سرمایہ کاری کے پروجیکٹس سے نظریے کو عملی شکل حاصل ہوتی ہے۔ یہ پروجیکٹس ملازمت کی تخلیق کے ذریعے دیرپا اثر پیدا کرتے ہیں، مضبوط کمیونٹیز بناتے ہیں اور ثقافتی تنظیموں کو بااختیار بناتے ہیں تاکہ ہر عمر کے سیکھنے والوں کی بہتر خدمت کی جائے۔ NYSCA کے عملے، کونسل اور ہماری فنون لطیفہ اور ثقافت کی کمیونٹی کی جانب سے، میں گورنر Hochul اور اپنے ریاستی قانون سازوں کو سراہنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے ان دیرپا اثر رکھنے والی گرانٹس کی حمایت کی ہے، جو آنے والی نسلوں تک نیو یارک کے شہریوں کی معاشی اور ذاتی صحت میں بہتری لا رہی ہیں۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "اسٹارم کنگ آرٹس سینٹر، ریاست نیو یارک کے سب سے شاندار اور منفرد مقامات میں سے ایک مقام ہے، جو دنیا بھر سے آنے والے سیاحوں کو اپنی طرف راغب کرتا ہے اور مڈ ہڈسن ریجن میں ایک اہم معاشی محرک ہے۔ اسٹارم کنگ کی توسیع کی حمایت کرنے پر، ESD کو فخر ہے تاکہ مزید کئی رہائشی اور سیاح، آنے والے کئی سالوں تک اس قدرتی خوبصورتی اور حیرت انگیز نمائشوں کا نظارہ کر سکیں۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نائب صدر اور سیاحت کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Ross D. Levi نے کہا،** "I LOVE NY کو فخر ہے کہ نیو یارک کے عالمی معیار کے فنون اور ثقافتی پرکشش مقامات جیسے اسٹارم کنگ پر مارکیٹ نیو یارک پروگرام کے ذریعے سرمایہ کاری کے منصوبوں کی حمایت کی جا رہی ہے۔ اسٹارم کنگ کی جانب سے واقعتاً ایک منفرد سیاحتی تجربہ حاصل ہوتا ہے جو وادی ہڈسن میں موسم گرما کے کسی بھی سفر کی تکمیل کرتا ہے اور یہ ایک اور وجہ بھی ہے کہ سیاحوں اور رہائشیوں کو یکساں طور پر نیو یارک پسند ہے۔"

**نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی صدر اور CEO Doreen Harris نے کہا،** "اسٹارم کنگ پروجیکٹ، ایک صاف اور لچکدار ڈیزائن کا ایک ماڈل ہے جس میں توانائی کا باکفایت استعمال، اور برق کاری کی خصوصیات شامل ہیں اور NYSERDA کو اس کام کی حمایت کرنے پر فخر ہے۔ یہ ریاست نیو یارک کے اختراعی جذبے اور عزم کو ظاہر کرتا ہے تاکہ ہماری بڑھتی ہوئی سرسبز معیشت کے بہت سے پہلوؤں میں سے ایک کے طور پر ریاست بھر میں آرٹس اور ثقافتی اداروں کی حمایت کی جائے۔"

**ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا،** "جب ریاست نیو یارک کی جانب سے فنون لطیفہ میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے، تو ہم سیاحت، ملازمتوں اور اپنی کمیونٹیز کی ثقافتی اور سماجی صحت میں بھی سرمایہ کاری کر رہے ہوتے ہیں۔ اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر، ہڈسن ویلی کے ثقافتی تانے بانے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے اور میں اس تنظیم کے لیے گورنر اور NYSCA کے تعاون کی تعریف کرتا ہوں کیونکہ یہ مستقبل کی جانب پیش قدمی کے مترادف ہے۔"

**رکن اسمبلی Chris Eachus نے کہا،** "اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر، اورنج کاؤنٹی اور ہڈسن ویلی کا ایک نگینہ ہے۔ یہ سینٹر دنیا بھر سے لاکھوں سیاحوں کو راغب کرتا ہے اور انہیں ایسے خوبصورت مناظر سے متعارف کرواتا ہے جو صرف ریاست نیو یارک ہی پیش کر سکتی ہے۔ میں گورنر Hochul اور علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنے ضلع کے لیے انتہائی فراخدلی سے فنڈز فراہم کیے ہیں جس سے اسٹارم کنگ کو اپنی پرعزم سرمایہ مہم انجام دینے کا موقع ملے گا۔ ہماری کمیونٹی میں کی گئی اس سرمایہ کاری سے ایک طاقتور پیغام ملتا ہے کہ نیو یارک فنون لطیفہ کا ایک ثقافتی مرکز، ہمارے ماحولیاتی تحفظ کے لیے ایک قومی رہنما اور سیاحوں کے لیے ایک معروف منزل ہے۔"

**اسٹارم کنگ آرٹ سینٹر کے صدر John P. Stern نے کہا** "ہمیں اسٹارم کنگ کے اولین سرمایہ کاری پروجیکٹ کی شروعات پر بےحد خوشی ہے۔ ہم نے اس پروجیکٹ کو اس عزم کے ساتھ شروع کیا ہے کہ فنونِ لطیفہ اور فطرت کے اس غیر معمولی تجربے کو بڑھایا جائے اور برقرار رکھا جائے جو اسٹارم کنگ اپنے سیاحوں، فنکاروں اور کمیونٹی کو پیش کرتا ہے۔ اگرچہ ESD، NYSCA، اور NYSERDA گرانٹس بھی ضروری ہیں، لیکن ریاست نیو یارک کا تعاون آج کے دلچسپ سنگ میل تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے۔ میں ان کی شراکت داری پر شکرگزار ہوں، جو ہمارے لیے ممکن بنائے گا کہ آنے والی نسلوں کے ساتھ اسٹارم کنگ کے غیر معمولی مقام اور مجموعوں کا اشتراک کر سکیں۔"

**مڈ ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی شریک صدور ڈاکٹر Marsha Gordon، بزنس کونسل برائے ویسٹ چیسٹر کی صدر اور CEO اور ڈاکٹر Kristine Young، SUNY اورنج کی صدر نے کہا،** "علاقائی کونسل کی "لِو، ورک، پلے" حکمت عملی کے ذریعے، ہم نے اپنے رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے اور ایک اہم سیاحتی مقام کے طور پر خطے کی شناخت کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ اسٹارم کنگ آرٹس سینٹر میں کی گئی اس سرمایہ کاری سے سیاح یہاں اضافی خرچ کرنے پر راغب ہوں گے اور پورے خطے میں اقتصادی ترقی کو متحرک کیا جائے گا۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418